احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

ہفتہ 10 نومبر 2001ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L 61

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

ہفتہ 10 نومبر 2001ء 23 شعبان 1422 ہجری - 10 نبوت 1380 ہش جلد 51-86 نمبر 257

## پسندیدہ امر ظاہر ہونے پر دعا

حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ آنحضور ﷺ جب کوئی پسندیدہ امر ظاہر ہوتا دیکھتے تو یہ دعا کرتے تھے تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس کی عزت و جلال سے تمام نیک کام پایہ تکمیل کو پہنچتے ہیں۔ اور جب کوئی ناپسندیدہ امر دیکھتے تو یہ دعا کرتے ہر حال میں خدا ہی حمد و ثنا کے لائق ہے۔

(سنن ابن ماجه كتاب الادب باب فضل الحامدين حديث نمبر3793)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ امید مت رکھو کہ کوئی اور منصوبہ انسانی نفس کو پاک کر سکے۔ جس طرح تاریکی کو صرف روشنی ہی دور کرتی ہے اسی طرح گناہ کی تاریکی کا علاج فقط وہ تجلیات الٰہیہ قولی و فعلی ہیں جو معجزانہ رنگ میں پرزور شعاعوں کے ساتھ خدا کی طرف سے کسی سعید دل پر نازل ہوتی ہیں اور اس کو دکھا دیتی ہیں کہ خدا ہے اور تمام شکوک کی غلاظت کو دور کر دیتی ہیں اور تسلی اور اطمینان بخشتی ہیں۔ پس اس طاقت بالا کی زبردست کشش سے وہ سعید آسمان کی طرف اٹھایا جاتا ہے۔ اس کے سوا جس قدر اور علاج پیش کئے جاتے ہیں سب فضول بناوٹ ہے۔ ہاں کامل طور پر پاک ہونے کے لئے صرف معرفت ہی کافی نہیں بلکہ اس کے ساتھ پردرد دعاؤں کا سلسلہ جاری رہنا بھی ضروری ہے کیونکہ خدا تعالیٰ غنی بے نیاز ہے۔ اس کے فیوض کو اپنی طرف کھینچنے کے لئے ایسی دعاؤں کی سخت ضرورت ہے جو گریہ اور بکا اور صدق و صفا اور درددل سے پر ہوں۔ تم دیکھتے ہو کہ بچہ شیرخوار اگرچہ اپنی ماں کو خوب شناخت کرتا ہے اور اس سے محبت بھی رکھتا ہے اور ماں بھی اس سے محبت رکھتی ہے مگر پھر بھی ماں کا دودھ اترنے کے لئے شیرخوار بچوں کا رونا بہت کچھ دخل رکھتا ہے۔ ایک طرف بچہ دردناک طور پر بھوک سے روتا ہے اور دوسری طرف اس کے رونے کا ماں کے دل پر اثر پڑتا ہے اور دودھ اترتا ہے۔ پس اسی طرح خدا تعالیٰ کے سامنے ہر ایک طالب کو اپنی گریہ وزاری سے اپنی روحانی بھوک پیاس کا ثبوت دینا چاہئے تا وہ روحانی دودھ اترے اور اسے سیراب کرے۔

غرض پاک وصاف ہونے کے لئے صرف معرفت کافی نہیں بلکہ بچوں کی طرح دردناک گریہ وزاری بھی ضروری ہے۔ اور نومید مت ہو اور یہ خیال مت کرو کہ ہمارا نفس گناہوں سے بہت آلودہ ہے۔ ہماری دعائیں کیا چیز ہیں اور کیا اثر رکھتی ہیں کیونکہ انسانی نفس جو دراصل محبت الٰہی کے لئے پیدا کیا گیا ہے وہ اگرچہ گناہ کی آگ سے سخت مشتعل ہو جائے پھر بھی اس میں ایک ایسی قوت توبہ ہے کہ وہ اس آگ کو بجھا سکتی ہے۔ جیسا کہ تم دیکھتے ہو کہ ایک پانی کو کیسا ہی آگ سے گرم کیا جائے مگر تاہم جب آگ پر اس کو ڈالا جائے تو وہ آگ کو بجھا دے گا۔

(براہین احمدیہ حصہ پنجم - روحانی خزائن جلد 21 ص 33)

## پروگرام IT نمائش و کانفرنس

(ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز)

مورخہ 10 نومبر بروز ہفتہ

افتتاحی تقریب: 4:30 بجے شام

پہلا ٹیوٹوریل: 6:15 بجے شام

اوقات نمائش برائے مردحضرات:

6:15 تا 7:45 بجے شام

مورخہ 11 نومبر بروز اتوار

IT کے موضوع پر ایک اہم لیکچر 8:30 بجے صبح

اوقات نمائش برائے مردحضرات:

10:00 تا 11:30 بجے صبح

دوسرا ٹیوٹوریل:

10:00 تا 11:30 بجے صبح

اوقات نمائش برائے خواتین:

11:30 تا 1:00 بجے دوپہر

تیسرا ٹیوٹوریل:

11:30 تا 1:00 بجے دوپہر

اختتامی تقریب: 2:00 دوپہر

احباب IT نمائش اور کانفرنس کا پروگرام نوٹ فرمالیں اور زیادہ سے زیادہ شرکت فرما کر شرکاء کی حوصلہ افزائی فرمائیں اور مستفید ہوں۔

(چیرمین ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز)

## پھول، سبزیوں کے بیج

امپورٹڈ بیجوں کی پنیریاں، گل داؤدی، گلاب گروجن کے پودے کٹ گلاب، موسمی سبزیوں کے بیج اعلیٰ کوالٹی خوشبو والے گلاب کی پتیاں، بوکے، گلدستے، ٹیوب راز کی سٹک۔ پودوں کو دینے کے لئے کھاد کے پیکٹ دستیاب ہیں۔

نیز گھروں میں خوبصورت پلاٹ بنوانے کے لئے نرسری سے تعاون حاصل کریں۔

(نگران گلشن احمد نرسری)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

# عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 182)

## ایک نہایت لطیف اور پراز روحانیت فقرہ

سیدنا محمود المصلح الموعود کے قلم مبارک سے:-

"حضرت مسیح موعود سے ایک بات میں نے بارہا سنی ہے- آپ ترکیہ کے سلطان عبدالحمید خان کا جو معزول ہو گئے تھے ذکر کرتے ہوئے فرمایا کرتے تھے کہ سلطان عبدالحمید خان کی ایک بات مجھے بڑی ہی پسند ہے- جب یونان سے جنگ کا سوال اٹھا تو وزراء نے بہت سے عذرات پیش کر دیئے- دراصل سلطان عبدالحمید کا منشاء تھا کہ جنگ ہو مگر وزراء کا منشاء نہیں تھا- اس لئے انہوں نے بہت سے عذرات پیش کئے- آخر انہوں نے کہا- جنگ کے لئے یہ چیز بھی تیار ہے اور وہ چیز بھی تیار ہے لیکن کسی اہم چیز کا ذکر کر کے کہہ دیا کہ فلاں امر کا انتظام نہیں ہے- مثلاً یوں سمجھ لو کہ انہوں نے کہا (اور غالباً یہی کہا ہوگا) کہ تمام یورپین طاقتیں اس وقت اس بات پر متحد ہیں کہ یونان کی امداد کریں اور اس کا ہمارے پاس کوئی علاج نہیں- حضرت مسیح موعود فرمایا کرتے تھے کہ جب وزراء نے اپنا مشورہ پیش کیا اور مشکلات بتائیں اور کہا کہ فلاں چیز کا انتظام نہیں تو سلطان عبدالحمید نے جواب دیا کہ کوئی خانہ تو خدا کے لئے بھی چھوڑنا چاہئے- حضرت مسیح موعود سلطان عبدالحمید کے اس فقرہ سے بہت ہی لطف اٹھاتے تھے- اور فرمایا کرتے تھے کہ مجھے اس کی یہ بات بہت ہی پسند ہے- تو مومن کے لئے اپنی کوششوں میں سے ایک خانہ خداتعالیٰ کے لئے چھوڑنا ضروری ہوتا ہے- درحقیقت سچی بات یہ ہے کہ مومن کبھی بھی ایسے مقام پر نہیں پہنچتا بلکہ دراصل کوئی شخص بھی ایسے مقام پر نہیں پہنچتا جب وہ کہہ سکے کہ اب کوئی رستہ کمزوری کا باقی نہیں رہا........

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ پہلے اپنے اونٹ کا گھٹنا باندھو اور پھر خداتعالیٰ پر توکل کرو- یعنی جہاں تک تم کام کر سکتے ہو کرو- لیکن جب تمہارے ہاتھ شل ہو جائیں اور تمہارے تمام سامان ختم ہو جائیں- اس وقت تم سجدے میں گر جاؤ اور اللہ تعالیٰ کی مدد مانگو اور اس پر توکل کرو- گویا جب تم ساری تدابیر اختیار کر لو اور تمہاری عقل کہتی ہو کہ اب کوئی چیز باقی نہیں رہی اور دنیا کے علوم کہتے ہوں کہ جتنے علاج ممکن تھے وہ سب ہو چکے- جب فراست کہتی ہو کہ اب کوئی رخنہ باقی نہیں رہا اور جب تجربہ کہتا ہو کہ اب کوئی سقم نہیں رہا- اس وقت تم کہو کہ اس کام میں ضرور کوئی نہ کوئی رخنہ ہے جسے خدا پورا کرے گا-"

(تفسیر کبیر جلد ششم ص 542)

تجھے دنیا میں ہے کس نے پکارا
کہ پھر خالی گیا قسمت کا مارا
تو پھر ہے کس قدر اسکو سہارا
کہ جس کا تو ہی ہے سب سے پیارا
ہوا میں تیرے فضلوں کا منادی
فسبحان الذی اخزی الاعادی

## تخلیق کائنات کا جمالیاتی پہلو

حضرت مصلح موعود کی ایک اور مبارک تحریر جس کے ذریعہ خلق کائنات کا اہم فلسفہ اور جمالیاتی پہلو اجاگر ہوتا ہے- فرمایا:-

"یہ یاد رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے مختلف جانور مختلف کاموں کے لئے پیدا کئے ہیں- کوئی خوبصورتی کے لئے کہ دیکھنے میں خوبصورت معلوم ہوتا ہے کوئی آواز کے لئے کہ اس کی آواز بہت عمدہ ہے- کوئی کھانے کے لئے کہ اس کا گوشت اچھا ہے- کوئی دوائی کے لئے کہ اس کے گوشت میں کسی مرض سے صحت دینے کی طاقت ہے- صرف جانور اور حلال دیکھ کر اسے نہیں کھانا چاہئے- ہوسکتا ہے کہ ایک جانور کا گوشت صحت کے لئے مضر نہ ہو مگر وہ مثلاً بعض فصلوں یا انسانوں میں بیماری پیدا کرنے والے کیڑوں کو کھاتا ہو تو گوشت کے لحاظ سے اس کا گوشت حلال بھی ہوگا اور طیب بھی- مگر پھر بھی بنی نوع انسان کا عام فائدہ دیکھتے ہوئے اس کا گوشت طیب نہ رہے گا- کیونکہ اس کے کھانے کی وجہ سے انسان بعض اور فوائد سے محروم رہ جائیں گے-

مجھے بچپن ہی میں یہ سبق سکھایا گیا تھا- میں بچپن میں ایک دفعہ ایک طوطا شکار کر کے لایا- حضرت مسیح موعود نے اسے دیکھ کر کہا کہ محمود! اس کا گوشت حرام تو نہیں- مگر اللہ تعالیٰ نے ہر جانور کھانے کے لئے ہی پیدا نہیں کیا- بعض خوبصورت جانور دیکھنے کے لئے ہیں کہ انہیں دیکھ کر آنکھیں راحت پائیں- بعض جانوروں کو عمدہ آواز دی ہے کہ ان کی آواز سن کر کان لذت حاصل کریں- پس اللہ تعالیٰ نے انسان کی ہر حس کے لئے نعمتیں پیدا کی ہیں وہ سب کی سب چھین کر زبان ہی کو نہ دے دینی چاہئیں- دیکھو یہ طوطا کیسا خوبصورت جانور ہے- درخت پر بیٹھا ہوا دیکھنے والوں کو کیسا بھلا معلوم ہوتا ہوگا-"

(تفسیر کبیر طبع دوم جلد 4 صفحہ 263)

# احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

### سوموار 12 نومبر 2001ء

| | |
|---|---|
| 5-05 a.m | تلاوت-خبریں-درس ملفوظات |
| 5-55 a.m | چلڈرنز کلاس |
| 6-25 a.m | چلڈرنز ورکشاپ |
| 6-50 a.m | ایم ٹی اے یو ایس اے |
| 7-55 a.m | روحانی خزائن کوئز پروگرام |
| 8-30 a.m | فرانسیسی پروگرام |
| 9-30 a.m | چائنیز سیکھئے |
| 10-00 a.m | لقاء مع العرب |
| 11-05 a.m | تلاوت-خبریں-درس ملفوظات |
| 12-00 p.m | مشاعرہ |
| 1-00 p.m | روحانی خزائن کوئز پروگرام |
| 1-35 p.m | سفر ہم نے کیا |
| 1-55 p.m | لقاء مع العرب |
| 2-55 p.m | انڈونیشین سروس |
| 3-55 p.m | چلڈرنز کلاس |
| 4-25 p.m | چائنیز سیکھئے |
| 5-05 p.m | تلاوت-خبریں |
| 5-30 p.m | بنگالی پروگرام |
| 6-30 p.m | فرانسیسی پروگرام |
| 7-30 p.m | درس ملفوظات |
| 7-45 p.m | ایم ٹی اے یو ایس اے |
| 8-55 p.m | چلڈرنز کلاس |
| 9-25 p.m | چائنیز سیکھئے |
| 9-55 p.m | جرمن سروس |
| 11-05 p.m | تلاوت |
| 11-15 p.m | فرانسیسی پروگرام |

### منگل 13 نومبر 2001ء

| | |
|---|---|
| 12-15 a.m | لقاء مع العرب |
| 1-15 a.m | مشاعرہ |
| 2-05 a.m | مجلس عرفان |
| 3-05 a.m | روحانی خزائن کوئز پروگرام |
| 3-40 a.m | ایم ٹی اے یو ایس اے |
| 5-05 a.m | تلاوت-درس حدیث-خبریں |
| 5-55 a.m | چلڈرنز کلاس |
| 6-25 a.m | چلڈرنز کارنر |
| 7-00 a.m | ترجمۃ القرآن |
| 8-00 a.m | طب کی باتیں |
| 8-30 a.m | بنگالی ملاقات |
| 9-30 a.m | فرانسیسی سیکھئے |
| 9-55 a.m | اردو کلاس |
| 11-05 a.m | تلاوت-خبریں-درس حدیث |
| 12-00 p.m | پشتو پروگرام |
| 1-10 p.m | طب کی باتیں |
| 1-50 p.m | اردو کلاس |
| 3-00 p.m | انڈونیشین سروس |
| 4-00 p.m | چلڈرنز کلاس |
| 4-30 p.m | فرانسیسی پروگرام |
| 5-05 p.m | تلاوت-خبریں |
| 5-30 p.m | بنگالی سروس |
| 6-30 p.m | بنگالی ملاقات |
| 7-30 p.m | درس حدیث |
| 7-55 p.m | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 9-00 p.m | چلڈرنز کلاس |
| 9-30 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 9-55 p.m | جرمن سروس |
| 11-05 p.m | تلاوت- |
| 11-15 p.m | فرانسیسی پروگرام |

### بدھ 14 نومبر 2001ء

| | |
|---|---|
| 12-00 a.m | اردو کلاس |
| 1-05 a.m | نارویجین پروگرام |
| 1-35 a.m | بنگالی ملاقات |
| 2-35 a.m | طب کی باتیں |
| 3-00 a.m | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 4-00 a.m | سفر ہم نے کیا |
| 4-30 a.m | فرانسیسی پروگرام |
| 5-05 a.m | تلاوت-خبریں-تاریخ احمدیت کا ایک ورق |
| 6-00 a.m | چلڈرنز کارنر |
| 7-00 a.m | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 8-00 a.m | پیرہن |
| 8-20 a.m | اطفال کی حضور سے ملاقات |
| 9-25 a.m | تقریر |
| 9-50 a.m | لقاء مع العرب |
| 11-05 a.m | تلاوت-خبریں-تاریخ احمدیت کا ایک ورق |
| 11-50 a.m | سواحیلی مذاکرہ |
| 12-55 p.m | پیرہن |
| 1-15 p.m | المائدہ |
| 2-00 p.m | لقاء مع العرب |
| 3-00 p.m | انڈونیشین سروس |
| 4-00 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 4-30 p.m | مجلس سوال و جواب |
| 5-05 p.m | تلاوت-خبریں |
| 5-30 p.m | بنگالی پروگرام |
| 6-30 p.m | اطفال کی حضور سے ملاقات |
| 7-30 p.m | تاریخ احمدیت کا ایک ورق |
| 7-50 p.m | سفر بذریعہ ایم ٹی اے |
| 8-05 p.m | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 9-00 p.m | چلڈرنز کارنر |
| 9-25 p.m | اردو اسباق نمبر 66 |

باقی صفحہ 7 پر

پبلشر آغا سیف اللہ- پرنٹر قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس- مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے

# تم ایک عظیم مقصد کے لئے عظیم الشان وقت میں پیدا ہوئے ہو

# واقفین نو کے لئے

## خدمت دین کی غرض سے پیشہ ورانہ انتخاب کے سلسلہ میں عمومی رہنمائی

ڈاکٹر شمیم احمد صاحب ۔ انچارج شعبہ وقف نو مرکزیہ ۔ لندن

بعض واقفین نو کے والدین انفرادی طور پر رابطہ کر کے معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ جب ان کے بچے بڑے ہو جائیں گے تو وہ کس رنگ میں جماعت کی خدمت کریں گے۔ ایسے والدین کی اطلاع اور عمومی رہنمائی کے لئے یہ مضمون شائع کیا جارہا ہے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 3۔اپریل 1987ء کو اس مبارک تحریک کے آغاز کا اعلان اپنے خطبہ جمعہ میں فرمایا تھا اور اس کے بعد چار مزید خطبات میں احباب جماعت کو تفصیلی ہدایات سے نوازا تھا۔ یہ خطبات پاکستان میں علیحدہ علیحدہ اور بیرون پاکستان کے لئے یکجائی صورت میں چھپ چکے ہیں۔ ان خطبات میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ نے بڑی تفصیل کے ساتھ اس مبارک تحریک کے مختلف پہلوؤں مثلاً اس کے اغراض ومقاصد، والدین اور نظام جماعت کی ذمہ داریوں کے بارہ میں رہنمائی فرمائی ہے۔ ان ہدایات پر غور کیا جائے تو وہ آئندہ کے لائحہ عمل پر خوب روشنی ڈالتی ہیں۔ اسی لئے والدین کو ہمیشہ اس بات کی تاکید کی جاتی ہے کہ وہ وقف کا ارادہ کرنے سے قبل ان خطبات کا بغور مطالعہ کریں اور وقف کرنے کے بعد بھی ان خطبات کو پڑھتے رہیں اور ان میں بیان فرمودہ ہدایات کو مدنظر رکھ کر اپنے بچوں کی تربیت کی کوشش کرتے رہیں۔

## سب سے اہم اور بنیادی بات

وقف نو کے ضمن میں سب سے زیادہ اہم اور بنیادی بات یہ ہے کہ بچوں کو شروع سے ہی یہ بات ذہن نشین کروائی جانی چاہئے کہ وہ دین کی خدمت کے لئے وقف ہیں اور بڑے ہو کر انہوں نے کسی نہ کسی رنگ میں اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ساری زندگی دین کی اشاعت کیلئے کام کرنا ہے۔ چنانچہ سیدنا حضور انور ایدہ اللہ نے ارشاد فرمایا:

”ان کو بچپن سے ہی اس بات پر آمادہ کرنا شروع کریں کہ تم ایک عظیم مقصد کیلئے ایک عظیم الشان وقت میں پیدا ہوئے ہو جبکہ غلبہ (دین) کی ایک صدی غلبہ (دین) کی دوسری صدی سے مل گئی ہے اس سنگم پر تمہاری پیدائش ہوئی ہے اور اس نیت اور دعا کے ساتھ ہم نے تجھ کو مانگا تھا خدا سے کہ اے خدا تو آئندہ نسلوں کی تربیت کے لئے ان کو عظیم الشان مجاہد بنا“۔

(خطبہ جمعہ 3۔اپریل 1987ء)

وہ والدین جو اپنے بچوں کے ذہن میں شروع سے ہی یہ احساس پیدا نہیں کرتے کہ وہ خدمت دین کے لئے وقف ہیں ان کے بچے بعض دفعہ بڑے ہو کر وقف کی طرف مائل نہیں ہوتے اور وقت آنے پر وقف کیلئے اپنے آپ کو تیار نہیں پاتے یا بڑے ہو کر ایسے پیشوں کی طرف راغب ہو جاتے ہیں جن کی وجہ سے وہ خدمت دین سے محروم رہ جاتے ہیں۔ ابھی حال ہی میں ایک ملک سے اطلاع موصول ہوئی کہ جب وہاں بچوں کا جائزہ لیا گیا تو معلوم ہوا کہ ان میں چند بچے ایسے پیشوں کی طرف راغب ہیں جن کے تحت وہ جماعت کیلئے کارآمد نہیں ہوں گے۔ اس لئے اس پہلو پر جتنا بھی زور دیا جائے کم ہے کہ شروع سے ہی بچوں کو یہ بات ذہن نشین کروائی جانی چاہئے کہ انہیں خدمت دین کے لئے مانگا گیا تھا اور یہ کہ ان سے کیا بلند توقعات وابستہ کی گئی ہیں۔

اس ضمن میں دعاؤں کی بھی بہت ضرورت ہے کہ خدا تعالیٰ ان کی نیک تمنائیں پوری فرمائے۔ سیدنا حضور انور نے والدین کو نصیحت فرمائی کہ:

”خدا کے حضور بچے کو پیش کرنا ایک بہت ہی اہم واقعہ ہے یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے اور آپ یاد رکھیں کہ وہ لوگ جو خلوص اور پیار کے ساتھ قربانیاں دیا کرتے ہیں اور اپنے پیار کی نسبت سے ان قربانیوں کو سجا کر پیش کیا کرتے ہیں......پیشتر اس کے یہ بچے اتنے بڑے ہوں کہ جماعت کے سپرد کئے جائیں ان ماں باپ کی بہت ذمہ داری ہے کہ وہ ان قربانیوں کو اس طرح تیار کریں کہ ان کے دل کی حسرتیں پوری ہوں۔ جس شان کے ساتھ وہ خدا کے حضور ایک غیر معمولی تحفہ پیش کرنے کی تمنا رکھتے ہیں وہ تمنائیں پوری ہوں“۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 10 فروری 1989ء)

والدین کو شروع سے ہی اس بات کی طرف بھی توجہ کرنی چاہئے کہ ان کا بچہ بڑا ہو کر کس طرح خدمت کرے گا۔ کیا وہ بطور مربی سلسلہ دین کی خدمت کرے گا یا کسی اور رنگ میں پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ مثلاً استاد، ڈاکٹر یا زبانوں کا ماہر بن کر اپنے آپ کو خدمت کیلئے پیش کرے گا۔ اس امر کے لئے والدین کی خواہشات کے علاوہ بچوں کے ذہنی رجحان کو بھی ملحوظ رکھا جانا چاہئے۔

اس مقصد کے لئے مرکزی ہدایات کے تحت تمام ممالک اور جماعتوں کو ہدایت کی گئی تھی کہ وہ کیریئر پلاننگ کمیٹیاں تشکیل دیں جو والدین کی خواہشات، بچوں کے ذہنی رجحانات، ان کی تعلیمی استعدادوں اور جماعتی ضروریات کو مدنظر رکھ کر والدین کی رہنمائی کریں۔ والدین کو چاہئے کہ اپنی جماعتوں کے سیکرٹریان اور صدر صاحبان سے رابطہ رکھیں اور جہاں جہاں ایسی کیریئر پلاننگ کمیٹیاں قائم ہو چکی ہیں ان سے استفادہ کریں۔ اگر کہیں ایسی کمیٹیاں قائم نہیں ہوئیں تو ذمہ دار عہدیدار ان کو اس طرف توجہ کرنی چاہئے۔

خدا تعالیٰ کے فضل کے ساتھ تیزی سے پھیلتی ہوئی جماعت اور اس کی بڑھتی ہوئی ضروریات اس بات کی متقاضی ہیں کہ بے شمار پیشہ ورانہ مہارت رکھنے والے واقفین زندگی وقت کے جدید تقاضوں کے تحت خدمات کے لئے دستیاب ہوں۔ اسی مقصد کے حصول کیلئے حضور انور ایدہ اللہ نے تحریک وقف نو کو جاری فرمایا تھا۔

## مربیان سلسلہ

جماعت کو بے شمار مربیان کی ضرورت ہے جو دنیا بھر میں دعوت الی اللہ اور تربیت کا کام کر سکیں۔ جامعہ احمدیہ میں عام طور پر میٹرک یا جی سی ایس ای کے بعد بچے داخلہ لیتے ہیں اور پانچ سات سال کی تعلیم کے بعد شاہد کی ڈگری حاصل کر کے مربی سلسلہ کے طور پر کام کرتے ہیں۔ اس کے بعد بعض مربیان مزید تعلیم اور ریسرچ کے ذریعہ مختلف مضامین مثلاً قرآن، حدیث، فقہ، کلام اور موازنہ مذاہب وغیرہ میں اختصاص (Specialisation) بھی حاصل کرتے ہیں۔ اس وقت اللہ تعالیٰ کے فضل سے ربوہ، قادیان، انڈونیشیا، گھانا، تنزانیہ اور نائیجیریا میں مربیان کی ٹریننگ کے لئے جامعات قائم ہیں۔ سیدنا حضور انور نے انگلستان اور کینیڈا میں بھی جامعہ احمدیہ کے قیام کی منظوری عطا فرما دی ہے جو انشاء اللہ چند سالوں تک کام شروع کر دیں گے۔ مزید معلومات کے لئے ان جامعات سے رابطہ کیا جانا چاہیے۔

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ کے ارشادات اور ہدایات کی روشنی میں نیز جماعت کی آئندہ زمانوں میں تیزی سے بڑھتی ہوئی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے عمومی رہنمائی کے طور پر چند پیشوں کا انتخاب درج ہے۔

## وقف اور تعلیمی مہارت کا اصل مقصد

مربیان کی تیاری کے علاوہ والدین کی عمومی رہنمائی کے لئے چند پیشوں کا انتخاب درج ہے۔ پیشوں کے ذکر سے قبل یہ امر بیان کرنا ضروری ہے کہ وقف اور مختلف پیشوں کے ذریعہ خدمت کا اصل مقصود خدا تعالیٰ اور اس کے رسول حضرت اقدس محمد رسول ﷺ کے ساتھ اپنا اور اپنی اولاد کا تعلق مضبوط کرنا ہے اور روحانیت میں ترقی کرنا ہے۔ اس عظیم مقصد کی طرف توجہ دلاتے ہوئے سیدنا حضور انور ایدہ اللہ نے ارشاد فرمایا:

”دعائیں کریں کہ اے خدا! ہمارے بچوں کو اپنے لئے چن لے، ان کو اپنے لئے خاص کر لے۔ تیرے ہو کر رہ جائیں اور آئندہ صدی میں ایک عظیم الشان واقفین بچوں کی فوج ساری دنیا سے اس طرح داخل ہو رہی ہو کہ وہ دنیا سے آزاد ہو رہی ہو اور محمد رسول اللہ ﷺ کے خدا کی غلام بن کے اس صدی میں داخل ہو رہی ہو“۔

(خطبہ جمعہ 3۔اپریل 1987ء)

## زبانوں کے ماہرین

**متوقع تعلیمی معیار:** ایم۔اے، پی ایچ ڈی۔

**موزوں:** مردوں اور عورتوں کے لئے۔

آئندہ زمانوں میں جماعت کو ایسے بے شمار ماہرین کی ضرورت ہوگی جو مختلف زبانوں پر کامل عبور رکھتے ہوں یعنی بول چال اور تحریر کی مشق رکھتے ہوں نیز ترجمہ اور تصنیف کی صلاحیت رکھتے ہوں اور ان میں اتنی صلاحیت ہو کہ وہ قرآن مجید، کتب حضرت مسیح موعود، خلفاء احمدیت کے خطبات اور ان کی تصانیف نیز سلسلہ کے دیگر لٹریچر کو با آسانی تراجم کی صورت میں پیش کر سکیں اور ضرورت پڑنے پر ان ملکوں میں دعوت الی اللہ کا فریضہ بھی ادا کر سکیں۔

سیدنا حضور انور نے اپنے خطبات میں ایسی زبانوں کی نشاندہی فرماتے ہوئے واقفین نو کو اردو عربی، انگریزی، روسی، چینی، اٹالین، پولش، سپینش، پرتگالی، ٹرکش، کورین اور جاپانی زبانوں میں اعلیٰ مہارت حاصل کرنے کی طرف توجہ دلائی ہے۔

وقف نو کے ضمن میں ایک ملاقات میں سیدنا حضور انور نے اس خواہش کا اظہار فرمایا تھا کہ جرمنی کی

جماعت خاص طور پر اپنے واقفین کو ایسٹرن بلاک کی زبانوں یعنی ہنگیرین، رومانین، البانین، بلغارین، اور چیکوسلواکین میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے تیار کرے کیونکہ یہ ایسی زبانیں ہیں جن کا جرمنی سے تعلق ہے اور جرمن قوم ان سے پرانے تاریخی روابط رکھتی ہے۔

اپنے خطبات میں حضور انور نے خاص طور پر لڑکیوں کو زبانوں کے ماہرین بنانے کی طرف توجہ دلائی ہے نیز یہ کہ وہ ٹائپ اور کمپیوٹر پر کام کرنا بھی سیکھیں تا کہ وہ بغیر خاوندوں سے علیحدہ ہوئے گھر بیٹھے تصانیف کا کام کرسکیں۔

اسی طرح فرمایا کہ وہ بچے جو مغربی دنیا میں آباد ہیں ان کے لئے ان ملکوں میں زبانیں سیکھنے کی بہت سہولتیں حاصل ہیں اس لئے ان کے والدین کو خصوصیت سے اس طرف توجہ کرنی چاہئے کہ وہ شروع سے ہی اس بات کا مصمم ارادہ کرلیں کہ انہوں نے اپنے بچوں کو کسی نہ کسی زبان کا ماہر بنانا ہے۔

## دینی امور کے ماہرین

وقف نو کے ضمن میں ایک ملاقات میں سیدنا حضور انور نے فرمایا کہ واقفین میں سے ایک حصہ ایسا ہونا چاہئے کہ جو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے بعد دینی امور کے ماہر بنیں مثلاً کتب حضرت مسیح موعود کے ماہر ہوں۔ اسی طرح بعض غیر احمدی مسلمانوں سے متعلق فرقوں میں اختصاص حاصل کریں۔

## موازنہ مذاہب

اسی طرح سیدنا حضور انور نے اس خواہش کا بھی اظہار فرمایا کہ کچھ واقفین کو اعلیٰ تعلیم کے بعد مختلف مذاہب مثلاً عیسائیت، ہندوازم، یہودیت، اور بہائی ازم کا سپیشلسٹ بنایا جائے۔ وہ اس قابل ہوں کہ تحقیقی مقالے تحریر کرسکیں اور اپنے مضمون میں اتھارٹی ہوں۔

## اساتذہ

متوقع تعلیمی معیار: بی۔ایڈ/ایم۔ایڈ

موزوں: مردوں اور عورتوں کے لئے

ایسے اساتذہ جو ہائی سکول اور کالج کے درجہ پر پڑھا سکیں خصوصاً فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، ریاضیات، جغرافیہ، عربی اور انگریزی کے مضامین میں ایم۔اے یا ایم ایس سی کیا ہو۔ مردوں کے ساتھ ساتھ عورتیں بھی تعلیم کے شعبہ میں بہت کام کرسکتی ہیں۔

حضور انور نے بچیوں کو علم سکھانے اور ان کو تعلیمی میدان میں آگے لانے کی بہت تلقین فرمائی ہے۔ چنانچہ فرمایا:

"بچیوں کو تعلیم کے میدان میں آگے لائیں۔ علمی کام سکھائیں اور علم کو بڑھانا ہی ہے لیکن علم سکھانے کا نظام جو ہے جس کو بی ایڈ یا ایم ایڈ کہا جاتا ہے ایسی ڈگریاں جن میں تعلیم دینے کا سلیقہ سکھایا جاتا ہے ان میں داخل کریں آئندہ بڑے ہوکر۔ لیکن ابھی سے ان کی تربیت اس رنگ میں شروع کریں۔"

(خطبہ جمعہ 8 ستمبر 1989ء)

زبانوں کے ماہرین یا اساتذہ میں سے ایسے واقفین کی بھی ضرورت ہوگی جو آگے چل کر مختلف زبانیں سکھانے کے لئے پروگرام تیار کریں جو ایم ٹی اے کے ذریعہ نشر کئے جاسکیں۔ ان زبانوں کو سکھانے کے لئے کتب اور ویڈیو کیسٹ بھی تیار کی جاسکتی ہیں۔ ایسے واقفین مختلف ملکوں کے مراکز میں لینگویج انسٹی ٹیوٹ کے قیام اور ان کے انتظامات کے لئے بھی بہت کارآمد ثابت ہوسکتے ہیں۔

## ریسرچ سکالرز

آئندہ جماعت کو ایسے ریسرچ سکالرز کی بھی ضرورت ہوگی جو اعلیٰ تعلیم کے بعد ریسرچ کا تجربہ رکھتے ہوں اور سائنسی وغیر سائنسی یا کسی بھی موضوع پر ریسرچ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں اور اس ذریعہ سے خدمت دین کرسکیں۔

## میڈیکل

متوقع تعلیمی معیار: ایم، بی، بی، ایس/ایم، ڈی/بی، ڈی، ایس/اعلیٰ تعلیم کے ڈپلومہ جات

موزوں: مردوں اور عورتوں کے لئے

واقفین نو کو ایسے ڈاکٹر بنانے کی کوشش کریں جو جماعت کے ہسپتالوں میں بطور جنرل فزیشن، سرجن مختلف امراض اور دندان سازی کے ماہرین کے طور پر کام کرسکیں۔ میڈیکل کے بہت سے شعبے ہیں اور ہر شعبہ کی اپنی اہمیت ہے۔ جماعت کو ہر میدان کے ماہرین کی ضرورت ہوگی۔

اس سلسلہ میں سیدنا حضور انور نے یہ بھی فرمایا ہے کہ جماعت کو خدمت کے میدان میں لیڈی ڈاکٹرز کی بہت ضرورت ہے اور بہت بڑی خدمت کرسکتی ہیں۔ اس لئے احمدی بچیوں کو ڈاکٹر بن کر اپنی زندگیاں پیش کرنی چاہئیں۔ حضور ایدہ اللہ نے فرمایا:

"ڈاکٹروں کی ضرورت ہے۔ خواتین ڈاکٹروں کو خدا تعالیٰ اگر توفیق دے تو وہ بہت بڑی خدمت کرسکتی ہیں اور بہت گہرا اثر چھوڑ سکتی ہیں اور اس راستے سے پھر وہ (احمدیت) کا پیغام دینے میں بھی دوسروں پر فوقیت رکھتی ہیں۔ اس لئے احمدی خواتین کو ڈاکٹرز بن کر اپنی زندگیاں پیش کرنی چاہئیں"۔

(خطبہ جمعہ 8 ستمبر 1989ء)

## ہومیوپیتھی

متوقع تعلیمی معیار: باقاعدہ کورس کے ساتھ حاصل کردہ ڈگری

موزوں: مردوں اور عورتوں کے لئے

دنیا بھر میں یہ طریق علاج مقبول ہورہا ہے اور اس کے باقاعدہ ڈگری کورسز کروائے جاتے ہیں۔ سیدنا حضور انور کی ذاتی دلچسپی اور توجہ سے یہ طریق علاج جماعت میں بھی بہت مقبول اور رائج ہوچکا ہے۔ مختلف ممالک میں ڈسپنسریاں قائم ہوچکی ہیں اور ان سے بہت استفادہ کیا جارہا ہے۔ آئندہ جماعت کو باقاعدہ مستند تربیت یافتہ ہومیوپیتھک ڈاکٹروں کی بھی ضرورت ہوگی جو اس کام کو آگے بڑھا سکیں اور دنیا کی خدمت کرسکیں۔

## نرسنگ

متوقع تعلیمی معیار: نرسنگ کے ڈپلومہ جات۔

موزوں: مردوں اور عورتوں کے لئے

جنرل نرسنگ، مڈوائفری اور اپریشن تھیٹر میں کام کرنے کا تجربہ اور اہلیت

## میڈیکل ٹیکنیشن

متوقع تعلیمی معیار: مختلف ڈپلومہ جات

موزوں: مردوں اور عورتوں کے لئے

احمدیہ ہسپتالوں اور کلینک میں کام کرنے کے لئے ریڈیوگرافر، فزیوتھراپسٹ اور لیبارٹری ٹیکنیشن کی ضرورت ہوگی۔

## فارماسسٹ

متوقع تعلیمی معیار: بی۔فارمیسی

موزوں: مردوں اور عورتوں کے لئے۔

مختلف ممالک میں جماعت کے ہسپتالوں میں فارمیسی اور ادویات کے کام کو سنبھالنے کیلئے فارماسسٹس کی بھی ضرورت پڑے گی۔ اس لئے واقفین کو اس شعبہ کی طرف بھی توجہ کرنی چاہئے۔

## کمپیوٹر کے ماہرین

متوقع تعلیمی معیار: ڈگری/ڈپلومہ جات۔

موزوں: مردوں اور عورتوں کے لئے۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت کمپیوٹر اور نئی ٹیکنالوجی سے بھرپور استفادہ کررہی ہے اور آئندہ زمانوں میں بے شمار ماہرین کی ضرورت ہوگی جو مختلف قسم کے پروگرام تیار کرکے جماعتی ضروریات کو پورا کرسکیں۔ کمپیوٹر کی کئی شاخیں ہیں مثلاً سافٹ ویئر، ہارڈ ویئر اور ڈیزائن گرافکس وغیرہ اس لئے کمپیوٹر کے مختلف کاموں کے ماہرین کی ضرورت ہوگی۔

## پرنٹرز

متوقع تعلیمی معیار: ڈپلومہ/ڈگری

موزوں: مردوں کے لئے۔

اشاعت جماعت کا ایک نہایت اہم شعبہ ہے۔ کتب اور لٹریچر کی معیاری چھپائی کے لئے ایسے تعلیم یافتہ واقفین کی ضرورت ہوگی جو فنی مہارت کے ساتھ جماعت کے مختلف ممالک میں قائم شدہ یا آئندہ قائم ہونے والے پرنٹنگ پریسوں کو اعلیٰ طریق پر چلا سکیں۔

## براڈکاسٹنگ

متوقع تعلیمی معیار: ڈپلومہ/ڈگری۔

موزوں: مردوں/عورتوں کے لئے۔

خدا تعالیٰ کے فضل کے ساتھ دنیا بھر میں MTA کے پروگرام تیار ہورہے ہیں۔ انشاء اللہ یہ سلسلہ اور ترقی کرے گا تو اس وقت ایسے واقفین کی ضرورت ہوگی جو پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ براڈکاسٹنگ اور ٹیلی ویژن اور ویڈیوگرافی سے متعلقہ امور کو جدید تقاضوں کے مطابق چلا سکیں۔ یہ بھی بہت وسیع میدان ہے۔ اس میں تیزی سے نئی ضرورتیں سامنے آرہی ہیں اور جماعت کو فوری طور پر ایسے افراد کی ضرورت ہے جو ریکارڈنگ، سکرپٹ رائٹنگ، نیوز ریڈنگ، دستاویزی فلموں کی تیاری اور انٹرویو کرنے والے نیز سیٹلائٹ کمیونیکیشن کے ماہر ہوں۔

## جرنلزم

متوقع تعلیمی معیار: ایم۔اے۔

موزوں: مردوں اور عورتوں کے لئے۔

جماعتی اخبارات، رسالہ جات، اشاعت اور پریس کے متعلقہ امور کو بہترین خطوط پر چلانے والے، اچھا تصنیفی کام کرنے والے جرنلسٹ بھی جماعت کو چاہئیں۔ اس لئے واقفین نو کو جرنلزم اور اس کے مختلف شعبوں میں بھی مہارت حاصل کرنی چاہئے۔

## اکاؤنٹنٹ

متوقع تعلیمی معیار: بی کام/ایم کام۔

اکاؤنٹس کے ماہرین جو جماعت کے مالی نظام کیلئے کام کرسکیں۔

## آرکیٹیکٹ

متوقع تعلیمی معیار: ڈگری۔

ایسے واقفین جو دنیا بھر میں جماعت کی بیوت الذکر، ہسپتالوں اور دیگر عمارات کے ڈیزائن اور ان سے متعلقہ امور میں خدمت بجالاسکیں۔

## بزنس ایڈمنسٹریشن

متوقع تعلیمی معیار: ڈگری۔

ایسے واقفین جو مارکیٹنگ اور بزنس ایڈمنسٹریشن میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد جماعت کی کتب اور لٹریچر کی فروخت اور ہسپتالوں اور سکولوں وغیرہ کی پلاننگ اور ایڈمنسٹریشن کے متعلقہ امور کی نگرانی کرسکیں۔

باقی صفحہ 6 پر

# خبریں

ربوہ: 8 نومبر 2001ء
جمعہ نومبر- غروب آفتاب: 5-15
ہفتہ 10-نومبر- طلوع فجر : 5-07
ہفتہ 10-نومبر- طلوع آفتاب: 6-29

## پاک فوج میں بغاوت نہیں ہو سکتی-صدر

جنرل مشرف نے کہا ہے کہ پاکستان افغانستان کی تقسیم کے کسی بھی فارمولے کی مخالفت کرے گا- افغانستان کی تقسیم کی کوئی بھی تجویز قابل عمل نہیں ہے- پاکستان کی فوج دنیا کی منظم ترین فوج ہے اور یہ اپنے کسی بھی چیف کے خلاف بغاوت نہیں کر سکتی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے سالانہ اجلاس میں شرکت کے لئے جاتے ہوئے ترکی کے شہر استنبول میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جنرل مشرف نے کہا کہ افغانستان میں صرف وسیع البنیاد حکومت کے قیام سے ہی پائیدار امن قائم ہو سکتا ہے- کوئی بھی بیرونی حکومت ملک نہیں چلا سکتی اگر کسی بھی دوسرے ملک نے افغانستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کی کوشش کی تو یہ ملک ایک بار پھر خانہ جنگی کی لپیٹ میں چلا جائے گا- پاکستان افغانستان میں پائیدار امن کا خواہاں ہے اور وہاں وسیع البنیاد حکومت کی حمایت کرتا ہے-

## قندھار اور مزار شریف میں مزید بمباری-

امریکہ کے جنگی طیاروں نے ہرات' کابل' قندھار اور مزار شریف پر شدید بمباری جاری رکھتے ہوئے مختلف مقامات کو نشانہ بنایا- کابل کے شہریوں کے مطابق کابل پر امریکیوں کے ہیلی کاپٹر کی پرواز کے دوران ایک شدید دھماکے کی آواز سنی گئی- امریکہ نے شمالی افغانستان میں قندھار اور مزار شریف میں مختلف مقامات پر مزید بمباری کی- امریکی طیاروں نے بگرام کے ہوائی اڈے کے قریب طالبان کے زیر کنٹرول علاقے خان آغا کے دیہات کو نشانہ بنایا- اس کے بعد پورے علاقے میں دھوئیں کے گہرے بادل چھا گئے-

**ہم ہتھیار نہیں ڈالیں گے** - پاکستان میں متعین افغان سفیر ملا عبدالسلام نے کہا ہے کہ امریکہ چاہے ہم پر ایٹم بم چلا دے، ہم ہتھیار نہیں ڈالیں گے- ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں سینئر ایڈیٹر اور صحافیوں سے ملاقات کے دوران کیا- انہوں نے کہا کہ امریکہ کے ایٹم بم چلانے سے دنیا پر اس کی وحشت اور بربریت آشکار ہو جائے گی- امریکہ جیسے چاہے ہتھکنڈے استعمال کرے، ہم اسلام سے دستبردار نہیں ہوں گے-

**مذاکرات چاہتے ہیں تو حالات سازگار بنائیں** - وزیراعظم واجپائی نے پاک بھارت مذاکرات سے قبل ماحول سازگار بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے- اور کہا ہے کہ بات چیت کا کوئی نہ کوئی ایجنڈا ہونا چاہئے- ماسکو میں روس کے دورے کے اختتام پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے واجپائی نے کہا کہ بین الاقوامی دہشت گردی سے نمٹنے کے لئے دوہرا معیار ترک کئے جانے کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ بھارت اور روس نے کئی اہم معاہدوں پر دستخط کئے ہیں جن میں تامل ناڈو کی ریاست میں ایٹمی بجلی گھر کی تعمیر کا منصوبہ بھی شامل ہے صدر مشرف سے ملاقات کے بارے میں کئے گئے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے صدر کے ساتھ بات چیت اس وقت ہو سکتی ہے جب سازگار ماحول پیدا کیا جائے-

**گورنر کا تھانے پر چھاپہ** - گورنر پنجاب نے گوجرانوالہ کے دورہ کے دوران تھانہ ایمن آباد کا اچانک معائنہ کیا- انہوں نے فرائض سے غفلت برتنے اور ایک شہری کو ناجائز حراست میں رکھنے کے جرم میں تھانے کے ایس ایچ او دیگر تین تھانیداروں سمیت سات پولیس ملازمین کو برخاست کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کرنے کے احکامات صادر کئے-

## امریکہ کی 73 ملین ڈالر کی ہنگامی امداد-

امریکہ پاکستان کو سات کروڑ تیس لاکھ ڈالر کی ہنگامی فوجی امداد دے گا تاکہ وہ افغانستان کے ساتھ اپنی طویل سرحد کی زیادہ بہتر حفاظت اور نگرانی کر سکے- اس بات کا اعلان وزارت خارجہ کے ترجمان نے پریس بریفنگ کے دوران کیا- اس امداد میں فوجی گاڑیاں' کمیونیکیشن اور اندھیرے میں دیکھنے کے آلات اور تربیت بھی شامل ہو گی- تفصیلات طے کرنے کے لئے وفد اگلے ہفتے پاکستان آئے گا-

**دوسرے روز بھی ڈیزی کٹر بموں سے بمباری** - امریکی طیاروں نے طالبان کی فرنٹ لائنز پر دوسرے روز بھی دنیا کے سب سے بڑے اور خطرناک ترین ''ڈیزی کٹر'' بموں سے بمباری جاری رکھی- اس کے علاوہ بی 52 طیاروں سے بھی بمباری کی گئی-

**تیل مزید سستا ہو گیا** - عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں مزید گر کر 18.96 ڈالر فی بیرل ہو گئی ہیں- قیمتوں میں کمی کی وجہ طلب کے مقابلے میں رسد زیادہ ہونا بتایا جاتا ہے-

**11 بھارتی فوجی ہلاک** لشکر طیبہ نے راشٹریہ رائفلز کے کیمپ پر فدائی حملہ کر کے 11 بھارتی فوجیوں کو ہلاک کر دیا ہے-


بفضل تعالیٰ مورخہ 11-11-2001
ماڈرن کاہلوں موٹرز کا افتتاح ہو رہا ہے
احباب سے درخواست ہے کہ وہ اپنی گاڑیوں کی سروس و ریپئرنگ کرانے کے لئے تشریف لائیں
ماڈرن کاہلوں موٹرز
مین سرگودھا روڈ ربوہ فون 04524-214514



سچی بوٹی ناصر دواخانہ رجسٹرڈ
کی گولیاں
گول بازار ربوہ
☎04524-212434 Fax:213966



زکام، چھینکیں، انفلوئنزہ
بظاہر معمولی مگر تکلیف دہ ہیں
فلو کیوریٹو سمیل Flu Curative Smell
سے صرف سونگھنے سے ہی فوری کنٹرول!
پرانے زکام کے لئے Cold Cure & Caps
پرانی چھینکوں کیلئے Sneezing Cure & Caps
فلو، انفلوئنزہ بخار کیلئے Influenza Tabs
بفضل تعالیٰ شفا بخش ہیں-
کیوریٹو میڈیسن کمپنی انٹرنیشنل ربوہ پاکستان
فون کلینک: 771 ہیڈ آفس: 213156 سیلز: 211047



نواز سیٹلائٹ
6 فٹ سالڈ ڈش M.T.A کے لئے بہترین رزلٹ کے ساتھ جدید ترین ڈیجیٹل سسٹم کی تمام ورائٹی بہترین فیوچر ٹیکنالوجی پیش کرتے ہیں
فیصل مارکیٹ 3 ہال روڈ لاہور فون دکان 7351722
پروپرائٹر: شوکت ریاض قریشی فون گھر 5865913



خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ
زرمبادلہ کمانے کا بہترین ذریعہ - کاروباری سیاحتی بیرون ملک مقیم احمدی بھائیوں کیلئے ہاتھ کے بنے ہوئے قالین ساتھ لے جائیں
بخارا اصفہان شجر کار ڈبچی ٹیبل ڈائز - کوشن افغانی وغیرہ
احمد مقبول کارپٹس
مقبول احمد خان آف شکر گڑھ
12- نیگور پارک نکلسن روڈ لاہور عقب شوبرا ہوٹل
☎ 042-6306163-6368130 Fax:042-6368134
E-mail:mobi-k@usa.net


روزنامہ الفضل رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل-61


دانتوں کے ماہر معالج
شریف ڈینٹل کلینک
اقصیٰ روڈ ربوہ- فون نمبر 213218



Mian Bhai
میاں بھائی
ہرکولیس آٹو پارٹس کی دنیا میں با اعتماد نام
HERCULES
آئل فلٹر - بریک آئل
پٹہ کمانی - سلنسر بکس و سلنسر پائپ اور ربڑ پارٹس
طالب دعا میاں عبداللطیف - میاں عبدالماجد





گلی نمبر 5 نزد الفرخ مارکیٹ - کوٹ شہاب الدین - جی ٹی روڈ شاہدرہ لاہور Ph: 042-7932514-5-6
Fax: 042-7932517 E-mail: mianbhai2001@yahoo.co.uk